رہبر معظم نےکتاب کی اکیسویں بین الاقوامی نمائشگاہ کا مشاہدہ کیا - 11 /May/ 2008

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے آج تین گھنٹوں تک مصلی تہران میں کتاب کی اکیسویں بین الاقوامی نمائشگاہ کا مشاہدہ کیا۔

رہبر معظم نے اس موقع پر کتاب کے ناشرین اورفروخت کرنے والوں سے گفتگو کی اورمختلف عناوین میں شائع ہونے والی نئی کتابوں کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔

اس موقع پر ثقافت اور ارشاد اسلامی کے وزیرصفار ہرندی نے عوام کی طرف سےاس سال کتاب کی اکیسویں بین الاقوامی نمائشگاہ کے پرجوش استقبال، نمائشگاہ میں پیش کی گئی کتابوں کی تعداد اور نئی شائع ہونے والی کتابوں کے جدید عناوین کے بارے میں رہبر معظم کو وضاحت پیش کی ۔